© rasailojaraid.com



عینک فریبی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆صدر پرویز کے لیے امریکہ سے دو ارب اَسی کروڑ روپے میں جدید طیارہ خریدنے کے انتظامات مکمل۔(ایک خبر)

● حکومت سے کہہ دو جہازوں کو ٹھاکے یہ راہ لانگھتوں کا تراہ کاہڈتے ہیں
(استاد امام دین گجراتی)

● جو بھی آیا نیا طیارہ لایا۔ صدر پرویز بھی اِن دنوں نئے طیارے کے انتظار میں ہیں۔

☆امیروں کا بجٹ ہے، غریبوں کا نہیں۔ لکھتا کوئی، اور پڑھتا کوئی اور ہے۔(حافظ حسین احمد)

● ''میں لحاف ہوں کسی اور کا مجھے اوڑھتا کوئی اور ہے''

☆سیاست میں ناکام ہوتا تو استاد بن جاتا۔(شیخ رشید)

● اب بھی آپ بڑے استاد ہیں

☆نشتر ہسپتال کے ڈاکٹر کی طرف سے ڈیتھ سرٹیفکیٹ جاری کرنے کے چند منٹ بعد مریض اٹھ بیٹھا۔(ایک خبر)

● پہلی رائے سرجن کی تھی یہی ٹھیک ہے یہ نیند لمبی سو گیا
بن گئی جب پوسٹ مارٹم کی رپورٹ مردہ اٹھ کے گھر کو رخصت ہو گیا

☆غربت میں چار فیصد کمی۔(وزیر خزانہ)

● کہاں ہوئی ہے؟

☆آپ کو سفید بالوں کے ساتھ جھوٹ بولتے شرم نہیں آتی؟(سعد رفیق کا شیر افگن سے سوال)

● پہلے آتی تھی شرم تھوڑی سی
مگر اب ذرہ بھر نہیں آتی

☆بدبخت بیٹے نے ماں کو خنجر مار کر موت کی نیند سلا دیا۔(ایک خبر)

● اُس ناسعید بیٹے کی قسمت اُلٹ گئی

☆زبیدہ جلال کے پاس بہت پیسہ ہے۔(شیخ رشید)

● پیسے والے ہی پاس ہوتے ہیں!

☆بیڈ شیٹ پر اللہ کے نام والا ڈیزائن پرنٹ لگا دیا گیا۔(ایک خبر)

● ایسی شرمناک باتوں کے خلاف احتجاج بنیاد پرستی اور خاموش رہنا اعتدال پسندی ہے۔

© rasailojaraid.com